

# جدوَل برائے

# اجتماعی اِعتِکاف پورا رمضان المبارک

۱۴۳۶ھ (2015)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ﴾26 مدنی پھول برائے اجتماعی اعتکاف پورا رمضان المبارک﴿

**مدینہ**: متعلقہ رکنِ شوریٰ یا نگرانِ کابینات یا نگرانِ کابینہ سے مشورہ کر کے ضرورتاً جدول میں ترمیم کی جاسکتی ہے۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیوں آیئے حسب حال اچھی اچھی نیتیں کر لیتے ہیں ہمیں معنٰی پر نظر رکھتے ہوئے اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کہنے کی عادت ڈالنی چاہئے اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے معنٰی ہیں اگر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا تو اور واقعی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے چاہے بغیر ہم کچھ نہیں کر سکتے۔

﴾1﴿ اعتکاف کے حلقوں میں 100% شرکت اور جدول کی مکمل پابندی کریں گے ﴾2﴿ حلقہ نگران کی اطاعت کریں گے ﴾3﴿ غیر اخلاقی حرکات سے اجتناب کریں گے ﴾4﴿ اعتکاف کے تمام حلقوں میں اپنے اپنے حلقے کے شرکاء کے ساتھ شرکت کریں گے ﴾5﴿ وقفہ آرام میں بھی مقررہ جگہ کے علاوہ دوسری جگہ سونے کی ترکیب نہیں کریں گے ﴾6﴿ وقفۂ طعام میں بھی اپنے حلقے کے شرکاء کے ساتھ ہی کھانے کی ترکیب بنائیں گے ﴾7﴿ دورانِ حلقہ موبائل فون کا استعمال نہیں کریں گے ﴾8﴿ دورانِ اعتکاف اراکینِ شوریٰ اور دیگر مبلغین کے بیانات سے مدنی پھول تحریر کریں گے ﴾9﴿ دن بھر ہونے والے بیانات اور سیکھنے سکھانے کے حلقوں وغیرہ کے مدنی پھول دُہرائی کے حلقے میں سنیں گے ﴾10﴿ ضرورتاً حلقوں میں نگرانِ مجلس کی مشاورت سے تبدیلی بھی کی گئی تو اطاعت کریں گے ﴾11﴿ اپنی مرضی سے کسی دُوسرے حلقے میں نہیں بیٹھیں گے ﴾12﴿ حلقہ نگران کی تبدیلی ہوئی تو مجلس کی اطاعت کریں گے ﴾13﴿ حلقوں میں بروقت حاضری دیں گے ﴾14﴿ اپنا سامان، لحاف اور بیگ وغیرہ مقررہ جگہ پر اپنے حلقے کے اسلامی بھائیوں کے ساتھ اس احتیاط سے رکھیں گے کہ بکھرا ہوا محسوس نہ ہو، اچھے طریقے سے ڈھانپ کر رکھیں گے ﴾15﴿ ہر حلقے والے اپنے کھانے کے برتن دھونے اور سنبھال کر رکھنے کی ترکیب خود کریں گے ﴾16﴿ معتکفین میں سے کوئی اسلامی بھائی تنگ کرے تو اُس سے اُلجھنے کی بجائے اپنے حلقہ نگران سے رابطہ کریں گے ﴾17﴿ کسی بھی پریشانی کی صورت میں اپنے حلقہ نگران سے رابطہ کر کے مسئلہ حل کریں گے، حل نہ ہونے کی صورت میں نگرانِ اعتکاف کو مطلع کریں گے ﴾18﴿ معتکفین میں سے اگر کوئی بیمار ہو گیا تو اُس کی عیادت کریں گے ﴾19﴿ مستقل قفلِ مدینہ تحریک میں ممتاز کیفیت کو پانے کے لئے بھرپور کوشش کریں گے ﴾20﴿ پانچوں نمازیں پہلی صف میں باجماعت تکبیرِ اُولیٰ کے ساتھ ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے ﴾21﴿ دورانِ اعتکاف فضول باتوں سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کریں گے ﴾22﴿ نگاہیں جھکا کر چلنے کی مشق جاری رکھیں گے

﴾23﴿ضرورت کی بات بھی لکھ کر کرنے کی کوشش کریں گے ﴾24﴿ دورانِ اعتکاف قفلِ مدینہ کارڈ اور قفلِ مدینہ کا عینک سجانے کی سعادت حاصل کرتے رہیں گے ﴾25﴿ اعتکاف کے دوران جو امتحانات کا سلسلہ ہوا اُس میں بھی شرکت کی سعادت حاصل کریں گے ﴾26﴿ دورانِ اعتکاف اپنی انفرادی عبادات میں بہتری لانے کی کوشش کریں گے۔

## جدول برائے اجتماعی اعتکاف پورا رمضان المبارک

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 1 پر عمل کرتے ہوئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ طبعی حاجات سے فارغ ہو کر اور مدنی انعام نمبر 39 ''دن کا اکثر حصہ باوضو رہنے'' کی نیت کے ساتھ وضو سے فراغت کے بعد صفوں میں تشریف لے آیئے (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل) (موقع کی مناسبت سے ٹائم کا اعلان کیا جائے) مدنی انعام نمبر 20 پر عمل کرتے ہوئے **تَحِیَّۃُ الْوُضُوْ** اور **تَحِیَّۃُ الْمَسْجِد** اور مدنی انعام نمبر 19 کے جُز پر عمل کرتے ہوئے **تَہَجُّد** ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔(اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل)

﴿ اس کے بعد **تَہَجُّد** ، **تَحِیَّۃُ الْوُضُو** اور **تَحِیَّۃُ الْمَسْجِد** کے فضائل بیان کیے جائیں، اگر دورانِ بیان کوئی اسلامی بھائی اپنے طور پر نوافل پڑھنا شروع کر دیں تو ان کو انفرادی طور پر محبت سے سمجھا دیجئے ﴾ **(وقت 10 منٹ)**

## فضیلت تَحِیَّۃُ الوُضُوْ

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَا اَبُوْ ہُرَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ** سے روایت ہے کہ **شَہَنْشَاہِ خُوش خِصَال، پیکرِ حُسن و جمال، دافعِ رنج و مَلال، رسولِ بے مثال، بی بی آمنہ کے لال صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ** نے حضرت **سیدنا بلال رضی اللّٰہ تعالی عنہ** سے فرمایا مجھے اپنے اسلام میں کئے گئے سب سے زیادہ امید دلانے والے عمل کے بارے میں بتاؤ، کیونکہ میں نے جنّت میں اپنے آگے تمہارے جوتوں کی آواز سنی ہے۔ انہوں نے عرض کیا، میں نے اتنا امید دلانے والا عمل تو کوئی نہیں کیا، البتہ میں دن اور رات کی جس گھڑی میں بھی وضو کرتا ہوں تو جتنی رکعتیں ہو سکتی ہیں نماز ادا کر لیتا ہوں۔

(صحیح بخاری، کتاب التہجد، با ب فضل الطہور باللیل والنہار الخ ،رقم 1149، ج1 ، ص390)

**اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْن حَضْرَتِ سَیِّدُنَا عُثْمَانِ غَنِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ** سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وضو کیا پھر فرمایا کہ میں نے **تاجدارِ رسالت، شھنشاہِ نُبوت، مَخْزَنِ**

www.dawateislami.net

**جود و سخاوت، پیکرِ عظمت و شرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت،محسنِ انسانیت** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ و سلم کو اِسی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا، پھر آپ **صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا جو میری طرح وضو کرے پھر دو رکعتیں پڑھے اور ان میں کوئی غلطی نہ کرے تو اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

(صحیح بخاری ، کتا ب الوضوء ، با ب الوضوء ثلاثا ثلاثا، رقم 159، ج1 ، ص78 )

**حَضرَتِ سَیِّدُنَا اَبُو دَرۡدَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا کہ میں نے **سر کارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ کو فرماتے ہوئے سنا، جس نے احسن طریقے سے وضو کیا پھر اٹھ کر دو یا چار رکعتیں پڑھیں اور ان کے رکوع و سجود، خشوع کے ساتھ ادا کئے پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مغفرت طلب کی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی مغفرت فرمادے گا۔

## فضیلت تَحِیَّۃُ المسجدُ

**حَضرَتِ سَیِّدُنَا اَبُو قَتَادَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے روایت ہے کہ **حضورِ اقدس** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ فرماتے ہیں: جو شخص مسجد میں داخل ہو، بیٹھنے سے پہلے دو رکعت پڑھ لے۔

(صحیح البخاری، کتاب الصلاۃ،باب اذا دخل المسجد۔۔۔الخ،الحدیث:444ج1،ص170)

جو شخص مسجد میں آئے اُسے دو رکعت نماز پڑھنا سُنّت ہے بلکہ بہتر یہ ہے کہ چار پڑھے، اگر ایسے وقت مسجد میں آیا جس میں نفل نماز مکروہ ہے مثلاً بعد طلوعِ فجر یا بعد نمازِ عصر تو وہ **تَحِیَّۃُ الۡمَسۡجِد** نہ پڑھے بلکہ **تَسۡبِیۡح و تَھۡلِیۡل و دُرُود شریف** میں مشغول ہو، **حقِ مسجد** ادا ہو جائے گا۔

(ردالمحتار، کتاب الصلاۃ،باب الوتروالنوافل ، مطلب فی تحیۃ المسجد، ج2،ص555)

## تَہَجُّد اور رات میں نماز پڑھنے کا ثواب

**حَضرَتِ سَیِّدُنَا اَبُو ھُرَیۡرَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے روایت ہے کہ **سرورِ معصوم، حسنِ اخلاق کے پیکر ، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ نے فرمایا! رمضان کے بعد سب سے افضل روزے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مہینے محرم کے ہیں اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز رات میں پڑھی جانے

www.dawateislami.net

والی نماز ہے۔ (صحیح مسلم ،کتا ب الصیام ، با ب فضل صوم المحرم ، رقم 1163 ، ص591 )

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَااَبُوْھُرَیْرَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **نبیِ مُکَرَّم،نُورِ مُجسَّم، رسول اکرم، شھنشاہ بنی آدم** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے فرمایا، جب تم میں سے کوئی شخص سوجاتا ہے تو شیطان اس کے سر کے پچھلے حصے پر تین گرہیں لگا دیتا ہے، وہ ہر گرہ پر کہتا ہے کہ لمبی تان کے سوجا، ابھی تو بہت رات باقی ہے۔ جب وہ شخص بیدار ہوکر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے پھر اگر وہ وضو کرے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے اور اگر نماز ادا کرے تو تیسری بھی کھل جاتی ہے اور وہ شخص تازہ دم ہوکر صبح کرتا ہے، بصورتِ دیگر تھکا ماندہ سست ہوکر صبح کرتا ہے۔ایک روایت میں یہ اضافہ ہے، تو وہ تازہ دم ہو کر صبح کرتا ہے اور خیر کو پالیتا ہے بصورتِ دیگر تھکا ماندہ صبح کرتا ہے اور خیر کو نہیں پاتا۔جبکہ ایک روایت میں ہے لہٰذا شیطان کی گانٹھوں کو کھول لیا کرو اگر چہ دو رکعتوں کے ذریعے ہی سے ہو۔

(صحیح بخاری ، کتاب التھجد ،با ب عقد الشیطان علی قافیۃ الراس الخ ، رقم 1142، ، ج 1، ص387)

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَاعُقْبَہ بن عامر** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے **شھنشاہِ مدینہ،قرارِ قلب و سینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے جو شخص رات کو بیدار ہوکر اپنے نفس کو طہارت کی طرف مائل کرتا ہے حالانکہ اس پر شیطان گرہیں لگا چکا ہوتا ہے تو جب وہ اپنے ہاتھ دھوتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے، جب وہ چہرہ دھوتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے، جب وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے تو تیسری گرہ کھل جاتی ہے جب وہ اپنے پاؤں دھوتا ہے تو چوتھی گرہ کھل جاتی ہے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حجاب کے پیچھے موجود فرشتوں سے فرماتا ہے کہ میرے اس بندے کو دیکھو جو اپنے نفس کو مجھ سے سوال کرنے پر مائل کرتا ہے، یہ بندہ مجھ سے جو کچھ مانگے گا وہ اسے عطا کر دیا جائے گا۔

(الاحسان بترتیب صحیح ابن حبا ن ، کتاب الطھارۃ ، باب فضل الوضوء ،رقم 1149 ،ج2 ، ص194 )

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَاجابِرُ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ میں نے **نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحرو بَر** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کو فرماتے ہوئے

www.dawateislami.net

سنا، بے شک رات میں ایک ایسی ساعت ہے کہ اس گھڑی میں مسلمان بندہ جب اللہ عزوجل سے دنیا وآخرت کی کوئی بھلائی طلب کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے وہ بھلائی ضرور عطا فرماتا ہے اور یہ ساعت ہر رات میں ہوتی ہے۔(صحیح مسلم ، کتا ب صلوۃ المسافرین وقصرھا ، با ب فی اللیل ساعۃ مستجاب فیھا الدعاء ، رقم757 ،ص 380)

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَاعَبْدُاللّٰہ بن سَلَام** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ جب **حضورِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ افلاک** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم مدینۂ منورہ(زَادَھَااللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا )تشریف لائے تو لوگ جُوق درجُوق **حُضُور** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہونے لگے۔ میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا۔ جب میں نے **آپ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے چہرۂ مبارک کو غور سے دیکھا اور **آپ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے بارے میں چھان بین کی تو جان لیا کہ یہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں اور پہلی بات جو میں نے **رسولِ اکرم** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے سنی وہ یہ تھی کہ اے لوگو! سلام کو عام کرو اور محتاجوں کو کھانا کھلایا کرو اور صلہ رحمی اختیار کرو اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھا کرو، جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔(سنن ترمذی ،کتا ب صفۃ القیامۃ ، با ب 42 ،رقم 2493 ،ج 4، ص219)

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَااَبُومَالِک اَشْعَرِیْ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، رسولِ اکرم، شھنشاہِ بنی آدم** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمُ نے فرمایا، بے شک جنت میں کچھ ایسے محلات ہیں جن میں آر پار نظر آتا ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے وہ محلات ان لوگوں کیلئے تیار کئے ہیں جو محتاجوں کو کھانا کھلاتے ہیں، سلام کو عام کرتے اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھتے ہیں۔

(صحیح ابن حبا ن ،کتا ب البر والاحسان ،باب افشاء السلام واطعام الطعام ، رقم509 ، ج 1،ص 363)

## نوافل

《نوافل میں قراءت درمیانی رفتار میں ہو، زیادہ تیز تیز نہ پڑھا جائے اور نہ ہی بالکل آہستہ پڑھیئے، خوش الحانی سے پڑھیئے،، اگر نوافل معلم کے علاوہ کوئی اور اسلامی بھائی پڑھائیں تو معلم کو چاہئے کہ ان کو بتا دیں کہ سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھی جائے (ایسے اسلامی بھائی کا درست مخارج اور درست قرأت والا ہونا ضروری ہے ورنہ امامت کی اجازت ہرگز نہ دی جائے)، البتہ تمام اعلانات معلم خود کریں گے، ہر وقت اس بات کا خیال رکھیے کہ ہمیں جدول پر دیئے گئے وقت پر نظر رکھتے ہوئے آگے بڑھتے جانا ہے چاہے کسی حلقے میں اسلامی بھائیوں کی تعداد پوری ہو یا کم ہمیں وقت کو

www.dawateislami.net

مدِ نظر رکھنا ہے ))

(وقت 10 منٹ)

## تَحِیَّۃُ الوُضُو

(( صبحِ صادق سے 20 منٹ قبل یہ اعلان کیجئے ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 20 کے جزُ تَحِیَّۃُ الوُضُو کے نفل ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ ( اِنْ شَآءَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ )

## تَحِیَّۃُ المَسجِد

(( اب اس طرح اعلان کیجئے ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 20 کے جُز تَحِیَّۃُ المَسجِد کے نفل ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ ( اِنْ شَآءَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ )

## تَہَجُّد

(( اب اس طرح اعلان کیجئے ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 19 کے جُز تہجد کے نفل ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ ( اِنْ شَآءَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ )

## دُعا کے مدنی پھول

(( مناجات کے بعد سحری کا وقت کم از کم ایک گھنٹہ ہونا چاہئے، کوشش کیجئے کہ کوئی خوش الحان نعت خواں اسلامی بھائی مناجات پڑھیں اور جس اسلامی بھائی کو مناجات کا کہیں تو بہتر یہ ہے کہ پہلے ان سے طرز سن لی جائے، اگر مناجات میں کسی شعر کی تکرار کرنا چاہیں تو کیجئے مگر یاد رہے مناجات 10 منٹ سے زائد نہ ہوں، مناجات مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''وسائلِ بخشش'' سے ہی کی جائیں ))

(( اب اِس طرح اعلان کیجئے ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 44 پر عمل کرتے ہوئے خشوع اور خضوع کے ساتھ دُعا مانگنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ ( اِنْ شَآءَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ )

(( پھر معلم دُعا میں ہاتھ اُٹھانے کے آداب بھی بتائیں ))

www.dawateislami.net

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دعا عبادت کا مغز ہے۔ دعا کا قبلہ آسمان ہے۔ دعا میں ہتھیلیوں کا رخ آسمان کی جانب ہو اور ہتھیلیاں اتنی بلند ہوں کے سینے کی سیدھ میں یا کندھوں کی سیدھ میں یا اتنی بلند ہوں کے بغلوں کی سفیدی نظر آئے۔ بتائے ہوئے طریقے پر عمل کرتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو اُٹھا لیجئے، ندامت سے سروں کو جُھکا لیجئے، گناہوں کو یاد کیجئے اور رو رو کر اللہ عزوجل کی بارگاہ میں مناجات کیجئے۔

## مناجات

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن**

| | |
|---|---|
| لاج رکھ میرے دستِ دعا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دے دے |
| اپنی رحمت کی اپنی عطا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |
| قلب میں یاد تیری بسی ہو | ذکر لب پر تیرا ہر گھڑی ہو |
| مستی و بے خودی اور فنا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |
| نفس نے لذتوں میں پھنسایا | مجھ پہ لطف و کرم ہو خدایا |
| دل سے چاہت مٹا ما سِوا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |
| حال عاصی کا بے حد بُرا ہے | تیری رحمت کا بس آسرا ہے |
| عفوِ جرم و قصور و خطا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |
| بات عصیاں سے میں نے بگاڑی | دل کی ہاتھوں سے بستی اُجاڑی |
| لطف و رحمت کی عفو و عطا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |
| تیرے ڈر سے سدا تھر تھراؤں | خوف سے تیرے آنسو بہاؤں |
| کیف ایسا دے ایسی ادا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |

| | |
|---|---|
| جگمگاتی رہے قبرِ عطّار | اے رحیم اور ستّار غفّار |
| تا ابد فضل و رحم و عطا کی | میرے مولیٰ تو خیرات دیدے |

## دُعا

(( اب اس طرح دعا شروع کیجئے ))

اے غموں اور مصیبتوں کو دور کرنے والے !اے مجبور اور پریشان حال لوگوں کی دعائیں قبول کرنے والے !اے ہماری اُمیدوں کی لاج رکھنے والے !اے گہرے سمندروں کو پیدا کرنے والے !اے ہمارے پاک پروردگار عزوجل !اے وہ ذات جس کے دستِ قدرت میں تمام بھلائیاں ہیں !ہم تیری رضا چاہتے ہیں اور تیری ناراضی سے پناہ مانگتے ہیں، تُو اپنے عفو وکرم کے صدقے ہمیں عذاب سے محفوظ رکھ اور ہمیں اپنی ناراضی سے بچا۔اے ہمارے پاک پروردگار عزوجل ہم کماحقہٗ تیری تعریف نہیں کر سکتے، تُو ایسا ہی ہے جیسا تُو نے اپنی تعریف خود بیان فرمائی، اے ہمارے رحیم وکریم پروردگار عزوجل! تُو ہماری اُمیدوں کی لاج رکھ لے، بے شک ہم تجھ سے تیری رحمت کے طالب ہیں۔یا الٰہی عَزَّ وَجَلَّ !ہم تیرے سامنے رسوا ہونے، عیبوں کا پردہ چاک ہونے، تیری یاد بھول جانے اور تیرے شکر سے مُنہ موڑنے سے پناہ مانگتے ہیں۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! ہمیں رسوائی اور اپنے بندوں کے شر سے محفوظ فرما اور ہمیں بری خفیہ تدبیر سے محفوظ فرما۔اے ہمارے پیارے اللہ عزوجل "! ہمیں بھی اپنا ایسا خوف عطا فرما کہ ہم ہر قسم کے گناہوں سے محفوظ رہیں، ہمارا کوئی عضو کبھی بھی تیری نافرمانی والے کاموں کی طرف سبقت نہ کرے۔اے اللہ عزوجل! ہمیں عبادت کی لذت وچاشنی عطا فرما، اگر بتقاضائے بشریت ہم سے گناہ سرزد ہو جائے تو اپنے فضل وکرم سے فوراً توبہ کی توفیق عطا فرما، اپنی ناراضی سے ہماری حفاظت فرما، ہمیں گناہوں پر شرمندگی عطا فرما۔اے اللہ عزوجل! تُو ہی گنہگاروں کے گناہوں کو معاف فرمانے والا ہے، اپنے محبوبوں کے صدقے ہماری تمام خطائیں معاف فرمادے اور اپنی دائمی رضا کی دولت سے ہماری جھولیاں بھردے۔آمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم

## وقفہ برائے سحری

www.dawateislami.net

﴿ اب اس طرح اعلان کیجئے ﴾

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 36 پر عمل کرتے ہوئے نِگاہیں جُھکا کر چلنے کی مَشق کے ساتھ کھانے کا وُضو کریں گے (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل) اور مَدَنی انعام نمبر 1 پر عمل کرتے ہوئے اچھی اچھی نیتیں کریں گے (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل) اور مَدَنی انعام نمبر 11 پر عمل کرتے ہوئے پردے میں پردہ کرکے بیٹھنے اور مِٹّی کے بَرتَن میں بُھوک سے کم کھانے کی سعادت حاصل کریں گے۔ کھانے کے بعد نمازِ فجر کی تیاری کی ترکیب ہوگی اور مَدَنی انعام نمبر 4 پر عمل کرتے ہوئے اَذان واِقامت کا جواب دے کر مَدَنی انعام نمبر 18 پر عمل کرتے ہوئے سُنّتِ قَبلِیّہ اور مَدَنی انعام نمبر 2 پر عمل کرتے ہوئے نمازِ فجر باجماعت تکبیرِ اُولیٰ کے ساتھ پہلی صَف میں ادا کریں گے۔ (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل)

﴿ کھانے کا وضو کرنے کے دوران ہاتھ اچھی طرح صابن سے دھونے کا ذہن دیجئے، کھانے سے پہلے معلم نیتیں کروائیں اور ہمیشہ کھانے سے پہلے نیتیں کرنے کا ذہن بھی دیں، کھانے کی دعا پڑھائیں، لقمہ توڑنے کا طریقہ اور اس کا سائز کتنا ہو یہ بتائیں، ربڑ بینڈ پہننے کی حکمت بتائیں، تین انگلیوں سے کھانے کا ذہن دیں، سنت کے مطابق بیٹھ کر کھانے کا ذہن دیں، اس دوران موقع کی مناسبت سے ایک اسلامی بھائی کلام بھی سناتے رہیں، آخر میں برتن صاف کرکے ترغیب کی نیت سے دکھانے کی ترکیب ہو، برتن اور کپ وغیرہ دھو کر پینے کی ترغیب دلائی جائے، دسترخوان پر گرے ہوئے ٹکڑے اُٹھا کر کھانے کی ترغیب دلائی جائے، نگران اسلامی بھائی ہر بار کھانے میں کسی ایک حلقے میں حاضری دیں، بہتر یہ ہے کہ جس حلقے میں کمزوری ہے اس میں بیٹھیں اور مسکراتے مسکراتے کمزوری کا حل فرمادیں، کھانے کے بعد کی دعائیں پڑھائیں، آخر میں سورۂ اخلاص اور سورۂ قریش پڑھنے کی ترکیب بنائیں ﴾

# نماز فجر

# تَسبِیحِ فاطِمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعالٰی عَنہا

﴿ نماز کے بعد اِمام صاحِب دُعا کروائیں گے۔ دُعا کے بعد یوں اعلان فرمائیں ﴾

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 3 پر عمل کرتے ہوئے ایک بار آیۃُ

www.dawateislami.net

اَلْکُرْسِیْ، تَسْبِیْحِ فَاطِمَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اور سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص پڑھ لیجئے۔ (وقت 3 منٹ)

# تلاوت قُرآن

《 اب اس طرح اعلان کیجئے 》 (وقت 20 منٹ)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 70 پر عمل کرتے ہوئے **قرآنِ پاک کی تلاوت** کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ)

اب پہلی صف والے اسلامی بھائی دوسری صف والوں کی طرف اور تیسری صف والے چوتھی صف والوں کی طرف رُخ فرمالیں۔ اور اس بات کا خیال رکھیں کہ قرآن پڑھتے وقت آواز اِتنی ہو کہ اپنے کان سُن لیں اور جو اسلامی بھائی اِس دوران مَدنی قاعِدے کا سبق دوہرانا چاہیں وہ دوہرالیں۔

《 اِس کے بعد خیر خواہ اِسلامی بھائی ہاتھوں ہاتھ قرآنِ پاک تقسیم کرنے کی ترکیب شُروع فرمادیں، یاد رہے تعداد کے اعتبار سے اسلامی بھائی قرآنِ پاک تقسیم کرنے کیلئے مقرر کرتے ہیں، اگر معتکفین زیادہ ہیں تو قرآنِ پاک تقسیم کرنے والے اسلامی بھائی بھی زیادہ ہوں تاکہ سب اسلامی بھائیوں کو وقت پر قرآن پاک ملیں۔ 》

# شجرہ شریف کے اوراد

《 اب اِس طرح اعلان کیجئے 》 (وقت 10 منٹ)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 5 کے جُز پر عمل کرتے ہوئے کچھ نہ کچھ **شَجَرۃُ شَرِیْف** کے **اَوْرَاد** پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ)

《 اب یہ اوراد پڑھائیں 》

[1] جو کوئی [ **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم** ] تین، تین بار پڑھ کر **سُوْرَۃُ الْحَشْر** کی آخری 3 آیتیں صُبح پڑھے تو شام تک 70 ہزار فرشتے اُس کے لیے **اِسْتِغْفَار** کریں اور اُس دِن مرے تو شہید ہوگا اور شام کو پڑھے تو صُبح تک یہی فضیلت۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! میں پڑھتا ہوں آپ توجہ سے سُنئے**

www.dawateislami.net

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم (3بار)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ج ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۞ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ج سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۞ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ج یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ج وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۞

۞2۞ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا، اِس کی فضیلت میں آتا ہے۔ جو کوئی تین، تین بار پڑھے **اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل** پڑھنے والے کا خاتمہ ایمان پر ہو۔ آپ بھی پڑھ لیجئے۔

**۞اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ نُّشْرِکَ بِکَ شَیْئًا نَّعْلَمُہٗ وَنَسْتَغْفِرُکَ لِمَالَا نَعْلَمُہٗ۞**

۞3۞ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا اِس کی فضیلت میں آتا ہے جو کوئی تین، تین بار پڑھے، پڑھنے والے کے دِین، اِیمان، جان، مال بچے سب محفوظ رہیں (**اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل**) آپ بھی پڑھ لیجئے۔

**۞بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَوُلْدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ۞**

۞4۞ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا اِس کی فضیلت میں آتا ہے جو کوئی تین، تین بار پڑھے سانپ، بچھو وغیرہ موذیات سے پناہ حاصل ہو۔ آپ بھی پڑھ لیجئے۔

**۞اَعُوْذُبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّمَاخَلَقْ۞**

۞5۞ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا اِس کی فضیلت میں آتا ہے جو کوئی تین، تین بار پڑھے جُنون (پاگل پَن)، جذام، بَرَص (کوڑھ) اور نابینا ہونے سے بچے۔ آپ بھی پڑھ لیجئے۔

**۞سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ۞**

۞6۞ جو کوئی صُبح گیارہ بار **سُوْرَہ اِخْلَاص** پڑھے (اگر شیطان مع اپنے لشکر کوشش کرے کہ اس سے گناہ کرائے نہ کرا سکے جب تک یہ خود نہ کرے) تمام اِسلامی بھائی اپنے اپنے طور پر گیارہ (11) بار **سورۂ اِخلاص** پڑھ لیجئے۔

## مدنی حلقہ



www.dawateislami.net

# تین آیات ترجمہ و تفسیر

《 تین آیات ترجمہ وتفسیر درس والے انداز میں شروع کریں۔ پہلے خطبہ پڑھیں، پھر درود پاک کے صیغے پڑھیں اور درود پاک کی ایک فضیلت بیان کریں》

اللہ عزوجل کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 21 پر عمل کرتے ہوئے تین آیات( مَع ترجمہ وتفسِیر) سُننے کی سعادت حاصل کریں گے۔ ( اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ )

《 اگر نگرانِ اعتکاف کسی اور کی ترجمہ وتفسیر پڑھنے کی ذمہ داری لگائیں تو ترجمہ وتفسیر پڑھنے کا درست انداز سن لیں 》

## جدول

| دن | پارہ | سورۃ | آیت |
|---|---|---|---|
| 1 | 1 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 64تا66 |
| 2 | 1 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 67تا70 |
| 3 | 1 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 71تا75 |
| 4 | 6 | سُوْرَۃُ الْمَآئِدَہ | 27تا31 |
| 5 | 9 | سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف | 133تا136 |
| 6 | 9 | سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف | 175تا177 |
| 7 | 13 | سُوْرَہ یُوْسُف | 93تا96 |
| 8 | 15 | سُوْرَۃُ الْکَھْف | 9تا13 |
| 9 | 23 | سُوْرَۃُ الصّٰفّٰت | 139تا148 |
| 10 | 19 | سُوْرَۃُ النَّمْل | 36تا40 |

www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6تا13 | سُوْرَۃُ الْفَجْر | 30 | 11 |
| 1تا5 | سُوْرَۃُ الْفِیْل | 30 | 12 |
| 114تا116 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 1 | 13 |
| 124تا126 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 1 | 14 |
| 142تا143 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 2 | 15 |
| 256تا258 | سُوْرَۃُ الْبَقَرَہ | 3 | 16 |
| 47تا49 | سُوْرَۂ اٰلِ عِمْرَان | 3 | 17 |
| 92تا94 | سُوْرَۂ اٰلِ عِمْرَان | 4 | 18 |
| 190تا194 | سُوْرَۂ اٰلِ عِمْرَان | 4 | 19 |
| 76تا78 | سُوْرَۃُ الْاَنْعَام | 7 | 20 |
| 151تا153 | سُوْرَۃُ الْاَنْعَام | 8 | 21 |
| 62تا64 | سُوْرَۂ یُوْنُس | 11 | 22 |
| 23تا25 | سُوْرَۂ بَنِی اِسْرَائیل | 15 | 23 |
| 54تا56 | سُوْرَۂ مَرْیَم | 16 | 24 |
| 101تا103 | سُوْرَۃُ الْاَنْبِیَآء | 17 | 25 |
| 27تا29 | سُوْرَۃُ النُّوْر | 18 | 26 |
| 63تا66 | سُوْرَۃُ الْفُرْقَان | 19 | 27 |
| 35تا37 | سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب | 22 | 28 |

www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| 29 | 26 | سُوۡرَۃُ الۡفَتح | 1تا3 |
| 30 | 30 | سُوۡرۃ وَالضُّحٰی | 1تا10 |

# 4صفحات فیضانِ سُنّت

《 اِس کے بعد یُوں اعلان فرمائیں 》

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر14 کے ایک جُز فیضانِ سُنّت کے ترتیب وار کم از کم 4 صفحات پڑھنے اور سُننے کی سعادت حاصل کریں گے۔( اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ )

《 چار صفحات پڑھتے وقت انداز درمیانہ ہو اور پہلے سے اس کی تیاری ہو اور آخر میں درس کے بعد والی ترغیب بھی دلائیں 》

| # | موضوع | حوالہ | معاون کتاب |
|---|---|---|---|
| 1 | 5خصوصی کرم | (ص854تا859) | فیضان رمضان |
| 2 | ہر شب 60ہزار کی بخشش | (ص867تا872) | // |
| 3 | سال بھر کی نیکیاں برباد | (ص916تا922) | // |
| 4 | اِفطار کے11فضائل | (ص1011تا1018) | // |
| 5 | تراویح کے35مدنی پھول | (ص1116تا1123) | // |
| 6 | خوفناک زہر | (ص32تا37) | فیضان بسم اللہ |
| 7 | بچے کی مدنی تربیت کی حکایت | (ص56تا62) | // |
| 8 | 29مدنی پھول | (ص132تا138) | // |
| 9 | لکڑہارا کیسے مالدار بنا؟ | (ص139تاص144) | // |
| 10 | فرعون کا محل | (ص157تا163) | // |
| 11 | بازار کی روٹی | (ص188تا194) | آدابِ طعام |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12 | ہرلقمہ پر ذِکراللہ جَلَّ جَلالُہٗ | (ص204 تا 209) | // |
| 13 | شادی خانہ بربادی کے اسباب | (ص222 تا228) | // |
| 14 | کھانے کے اِسراف سے توبہ کیجئے | (ص254 تا259) | // |
| 15 | تنگدستی کا علاج | (ص263 تا267) | // |
| 16 | سونے کا دسترخوان | (ص660 تا665) | پیٹ کا قفلِ مدینہ |
| 17 | 6مدنی پھول | (ص681 تا685) | // |
| 18 | کاش بھوک خریدی جاسکتی | (ص699 تا703) | // |
| 19 | لُومڑی کا بچہ | (ص735 تا740) | // |
| 20 | بھوکا شیر | (ص806 تا813) | // |
| 21 | سینوں سے لٹکے ہوئے لوگ | (ص35 تا40) | غیبت کی تباہ کاریاں |
| 22 | غیبت کے انداز | (ص50 تا55) | // |
| 23 | عذابِ قبر کے ہولناک مناظر | (ص64 تا68) | // |
| 24 | جنت میں داخلے سے محروم | (ص75 تا81) | // |
| 25 | آقا کی صحابہ سے محبت | (ص88 تا93) | // |
| 26 | نماز کے متعلق ریا کاری کی 11 مثالیں | (ص67 تا71) | نیکی کی دعوت |
| 27 | اِخلاص کے بغیر ثواب نہیں ملتا | (ص90 تا94) | // |
| 28 | اُمّتِ مصطفٰے کی خصوصیّت | (ص129 تا 133) | // |
| 29 | صِلۂ رحمی کے 7 مدنی پھول | (ص156 تا161) | // |

www.dawateislami.net

# شَجَرہ شریف

《 شجرہ شریف پڑھنے سے پہلے اشراق وچاشت کا وقت بھی معلوم کرلیجئے اوراسی حساب سے آگے جدول چلایئے 》

《 اِس کے بعد یُوں اعلان فرمائیں 》

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ابھی **اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ شجرہ عالیہ قادریہ رضویہ** پڑھا جائے گا، تمام اِسلامی بھائی شجرہ شریف نِکال لیجئے۔

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن**

| | |
|---|---|
| یاالٰہی رحم فرما مصطفٰے کے واسطے | یارسول اللہ کرم کیجے خدا کے واسطے |
| مشکلیں حل کر شہِ مشکل کشا کے واسطے | کر بلائیں رد شہیدِ کربلا کے واسطے |
| سیِّد سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے | علمِ حق دے باقرِ علمِ ہُدیٰ کے واسطے |
| صدقِ صادِق کا تَصَدُّق صادِقُ الاسلام کر | بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے |
| بہرِ معروف وسری معروف دے بیخود سری | جُندِ حق میں گِن جنیدِ باصَفا کے واسطے |
| بہرِ شبلی شیرِ حق دُنیا کے کتّوں سے بچا | ایک کا رکھ عبدِ واحِد بے رِیا کے واسطے |
| بُوالفَرح کا صدقہ کرغم کوفَرَح دے حُسن وسعد | بُو الحسن اور بُوسعید سعد زا کے واسطے |
| قادِری کر قادِری رکھ قادِریوں میں اُٹھا | قدرِ عبدُ القادِرِ قدرت نُما کے واسطے |
| اَحْسَنَ اللہُ لَھُمْ رِزْقاً سے دے رزقِ حَسن | بندۂ رزّاق تاجُ الاصفیاء کے واسطے |
| نصرِ اَبی صالح کا صدقہ صالح ومنصور رکھ | دے حیاتِ دین مُحی جانفزا کے واسطے |
| طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حمد و حُسنٰی و بَہا | دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے |

www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| بہرِ ابراھیم مجھ پر نارِ غم گلزار کر | بھیک دے داتا بھکاری بادشاہ کے واسطے |
| خانہ دل کو ضیاء دے رُوئے ایماں کو جمال | شہ ضیاء مولیٰ جمالُ الاولیاء کے واسطے |
| دے محمد کے لیے روزی کر احمد کے لیے | خوانِ فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے |
| دِین ودُنیا کے مجھے بَرَکات دے بَرَکات سے | عشقِ حق دے عِشقی عشقِ اِنتِما کے واسطے |
| حُبِّ اہلِ بیت دے آلِ محمد کے لیے | کر شہیدِ عشق، حمزہ پیشوا کے واسطے |
| دِل کو اچھا تن کو ستھرا جان کو پُر نُور کر | اچھے پیارے شمسِ دیں بدرُ العُلیٰ کے واسطے |
| دو جہاں میں خادِمِ آلِ رسولُ اللہ کر | حضرتِ آلِ رسولِ مقتدا کے واسطے |
| کر عطا احمد رضائے احمدِ مُرسل مجھے | میرے مولیٰ حضرتِ احمد رضا کے واسطے |
| پرضیاء کر میرا چہرہ حشر میں اے کبریا | شہ ضیاء الدین پیر باصفا کے واسطے |
| اَحیِنَا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا سَلَامٌ بِالسَّلَامِ | قادِری عبدالسلامِ خوش ادا کے واسطے |
| عشقِ احمد میں عطا کر چشمِ تر سوزِ جگر | یاخدا اِلیاس کو احمد رضا کے واسطے |
| صدقہ اِن اَعیاں کا دے چھ عین عزّ، علم وعمل | عفووعرفاں، عافیت اِس بےنَوا کے واسطے |

## دعائیں سیکھنے سکھانے کا حلقہ

《 "مَدَنی پنج سورہ" ، "نماز کے احکام" سے مندرجہ ذیل دعائیں سیکھنے سکھانے کی ترکیب ہو 》 (**وقت** 20 **منٹ**)

﴿۱﴾ دُعائے مصطفیٰ (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۳) ﴿۲﴾ سوتے وقت کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۳) ﴿۳﴾ بیدار ہونے کے بعد کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۳) ﴿۴﴾ بیت الخلا میں داخل ہونے سے پہلے کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۴) ﴿۵﴾ بیت الخلا سے باہر آنے کے بعد کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۴) ﴿۶﴾ گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۴) ﴿۷﴾ گھر سے نکلتے وقت کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۵) ﴿۸﴾ کھانا کھانے سے پہلے

www.dawateislami.net

کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۰۵) ﴿۹﴾ کھانے کے بعد کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۰۶) ﴿۱۰﴾ جو دعائیں سیکھیں اُن کی دُہرائی ﴿۱۱﴾ بالغ مرد وعورت کے جنازہ کی دعا(نماز کے احکام ص ۳۸۳) ﴿۱۲﴾ آئینہ دیکھتے وقت کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۰۶) ﴿۱۳﴾ کسی مسلمان کو مسکراتا دیکھ کر پڑھنے کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۰۷) ﴿۱۴﴾ ادائے قرض کی دعا (مدنی پنج سورہ ص ۲۰۷) ﴿۱۵﴾ شعارِ کفار کو دیکھتے وقت کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۰۸) ﴿۱۶﴾ مصیبت زدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۰۹) ﴿۱۷﴾ بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۱۲) ﴿۱۸﴾ نصف دعائے قنوت(نماز کے احکام ص ۲۷۴) ﴿۱۹﴾ بقیہ نصف دعائے قنوت(نماز کے احکام ص ۲۷۴) ﴿۲۰﴾ جو دعائیں سیکھیں، اُن کی دُہرائی ﴿۲۱﴾ سواری پر اطمینان سے بیٹھ جانے پر دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۱۷) ﴿۲۲﴾ ایمانِ مُجمل (نماز کے احکام ص ۱۶۶) ﴿۲۳﴾ زہریلے جانوروں سے محفوظ رہنے کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۲۰) ﴿۲۴﴾ ایمانِ مُفَصَّل (نماز کے احکام ص ۱۶۶) ﴿۲۵﴾ مصیبت کے وقت کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۲۲) ﴿۲۶﴾ شبِ قدر کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۱۳) ﴿۲۷﴾ فرض نماز کے بعد کی دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۲۵) ﴿۲۸﴾ فرض نماز کے بعد کی (دوسری) دعا(مدنی پنج سورہ ص ۲۲۵) ﴿۲۹﴾ جو دعائیں سیکھیں، اُن کی دُہرائی ﴿۳۰﴾ جو دعائیں سیکھیں اُن کی دُہرائی۔

## فاتحہ کا سلسلہ

《 شجرہ شریف پڑھنے کے بعد فاتحہ کا سِلسلہ ہوگا 》

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اب **اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ** فاتحہ کا سلسلہ ہوگا، تمام اِسلامی بھائی شجرہ شریف کا صفحہ نمبر 23 کھول لیجئے۔۔۔اب 7 بار **دُرُوْدِ غَوْثِیَہ** پڑھیے۔۔۔ **دُرُوْدِ غَوْثِیَہ** شجرہ شریف کے صفحہ نمبر 25 پر ہے ۔۔۔ایک بار **سُوْرَۃُ الْفَاتِحَہ** پڑھیے۔۔۔ ایک بار **آیَۃُ الْکُرْسِی** پڑھیے۔۔۔ 7 بار **سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص** پڑھیے۔۔۔

www.dawateislami.net

اب آخر میں تین بار **دُرُودِ غَوثِیَه** پڑھیئے۔۔۔۔

# ایصالِ ثواب و دُعا

(( اب ایصالِ ثواب و دعا کیجئے ))

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن**

**یَااَللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ** جو کچھ پڑھا گیا بلکہ آج تک جو کچھ ٹُوٹا پھوٹا عمل ہوسکا ہے، اس کا ثواب ہمارے ناقص عمل کے لائق نہیں بلکہ اپنے کرم کے شایانِ شان مرحمت فرما اور اسے ہماری جانب سے **شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں نذر پہنچا۔ **سرکارِ مدینہ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے توسُّط سے تمام **انبیائے کرام** عَلَیْہِمُ السَّلَام تمام **صحابہ کرام** عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان تمام **اولیائے عِظام** رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی جناب میں نذر پہنچا۔ **سرکارِ مدینہ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے توسُّط سے **سَیِّدُنا آدم صفیُّ اللّٰہ** عَلَیْہِ السَّلَام سے لیکر اب تک جتنے انسان و جنّات مسلمان ہوئے یا قیامت تک ہوں گے سب کو پہنچا۔ بالخصوص **امیرِ اہلسنّت** اور **آپ کے والدین حاجی مشتاق، مفتی فاروق، حاجی زم زم** رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو اس کا ثواب پہنچا۔ ہمارے تمام عزیز و اقارب جو اس دارِ فانی سے رخصت ہوئے سب کو اس کا ثواب پہنچا، **اے اللّٰہ عزوجل** ہم سب کے رزق میں، کاروبار میں، اولاد میں، گھربار میں خیر و برکتیں نازل فرما۔ ہر قسم کی بلاؤں، پریشانیوں، مصیبتوں، آزمائشوں، جادو ٹونوں سے ہم سب کو ہمارے گھربار کو محفوظ فرما۔ اپنا فضل و کرم ہم سب کے شاملِ حال فرما۔ تمام عالمِ اسلام کی خیر فرما۔ **اسلام کا بول بالا کر** اور دشمنانِ اسلام کا منہ کالا کر۔ **سیدی امیرِ اہلسنّت، مرکزی مجلسِ شوریٰ** اور **دعوتِ اسلامی کے تمام مبلغین و مبلغات** کی حفاظت فرما۔ ہماری تمام دعائیں **خاکِ مدینہ** کے صدقے قبول فرما۔

کہتے رہتے ہیں دُعا کے واسطے بندے تیرے
کر دے پوری آرزو ہر بے کس و مجبور کی

www.dawateislami.net

جب دمِ واپسی ہو یا اللہ آنکھوں کے سامنے ہو جلوہٗ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم اور لب پہ ہو **لآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌرَّسُوْلُ اللّٰہُ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

# نمازِ اشراق و چاشت

(( دُعا کے بعد یُوں اعلان کیجئے ))

اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے **مدنی انعام نمبر 19** کے دو جُز، **اِشراق وچاشت** کے نفل ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔(**اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل**)

(( اب اشراق وچاشت کی ایک ایک فضیلت بھی بیان فرمائیں ))

# فضیلتِ نمازِ اشراق

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَااَنَس** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **سرکارِمدینہ، سلطانِ باقرینہ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ارشاد فرماتے ہیں: جو فجر کی نماز جماعت سے پڑھ کر بیٹھا ذکرِ خدا کرتا رہا، یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو گیا پھر دو رکعتیں پڑھیں تو اُسے پورے **حج** اور **عمرہ** کا ثواب ملے گا۔

(سنن الترمذی، کتاب السفر، باب ماذکر مما یستحب من الجلوس فی المسجد۔۔۔الخ، الحدیث :586، ج 2، ص100)

# فضیلتِ نمازِ چاشت

**حَضْرَتِ سَیِّدُنَااَبُوْذَرْ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **تاجدارِ رسالت، شهنشاهِ نُبوت، مَخْزنِ جودوسخاوت، پیکرِ عظمت و شرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت، محسنِ انسانیت** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، تمہارے ہر جوڑ پر صدقہ ہے اور ہر تسبیح یعنی **سُبْحَانَ اللّٰہ** کہنا صدقہ ہے اور ہر تحمید یعنی **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** کہنا صدقہ ہے اور ہر تہلیل یعنی **لآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ** کہنا صدقہ ہے اور ہر تکبیر یعنی **اَللّٰہُ اَکْبَر** کہنا صدقہ ہے اور اچھی بات کا حکم دینا صدقہ ہے اور بری بات سے روکنا صدقہ ہے اور چاشت کی دو رکعتیں ان سب کو کفایت کرتی ہیں۔

www.dawateislami.net

(صحیح مسلم ، کتاب صلوۃ المسافرین وقصرھا،باب استحبا ب صلوۃ الضحی۔۔۔ الخ ، رقم 8201 ، ص363 )

حَضْرَتِ سَیِّدُنَا بُرَیْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ میں نے نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحرو بَر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کوفرماتے ہوئے سنا، آدمی کے تین سوساٹھ (360) جوڑ ہوتے ہیں، اسے ہر جوڑ کا صدقہ ادا کرنا لازم ہے۔ صحابہ کرام علیھم الرضوان نے عرض کیا، اس کی طاقت کون رکھ سکتا ہے؟ فرمایا، مسجد میں پڑی ہوئی رینٹھ کو دفن کردینا اور راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینا صدقہ ہے، اگر تم اس پر قدرت نہ رکھو تو چاشت کی دو رکعتیں تمہاری طرف سے کفایت کریں گی۔ (مسند احمد حدیث بریدہ الاسلمی ، رقم 23059 ، ج9 ، ص 20)

حَضْرَتِ سَیِّدُنَا اَبُوْھُرَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ سرکارِ والا تَبار، ھم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے تین چیزوں کی وصیت فرمائی، لہٰذا میں انہیں ہرگز نہیں چھوڑتا (۱) میں وتر ادا کئے بغیر نہ سوؤں (۲) میں چاشت کی دو رکعتیں ترک نہ کروں کیونکہ یہ ''توّابین'' یعنی کثرت سے توبہ کرنے والوں کی نماز ہے (۳) اور ہر مہینے تین دن روزے رکھا کروں۔

(صحیح بخاری ، کتا ب التہجد، باب صلوۃ الضحی فی الحضر ، رقم 1178 ، ج 1 ،ص 397)

حَضْرَتِ سَیِّدُنَا مُعَاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ آقائے مظلوم، سرورِ معصوم، حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، جو شخص فجر کی نماز کے بعد چاشت کی دو رکعتیں ادا کرنے تک اپنی جگہ بیٹھا رہے اور خیر کے علاوہ کوئی بات نہ کہے، اس کی خطائیں معاف کردی جاتی ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہوں۔

(مسند احمد ، مسند المکیین / حدیث معا ذ بن اَنَسُ الجھنی ،رقم15623 ، ج5 ، ص260)

اُمُّ الْمُؤمِنِیْن سَیِّدَہ عَائِشَہ صِدِّیْقَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں کہ میں نے نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، رسول اکرم، شھنشاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کوفرماتے ہوئے سنا

www.dawateislami.net

، جو فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد چاشت کی چار رکعتیں ادا کرنے تک اپنی جگہ بیٹھا رہے اور کوئی لغو بات نہ کہے بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتا رہے تو اپنے گناہوں سے ایسے نکل جائے گا جیسے اس دن تھا جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔ (مسند ابی یعلی ،رقم 48 ،ج 4، ص 9)

**حَضرَتِ سَیِّدُنَاعَبْدُاللّٰہُ بِنْ عَمْر و بِنْ عَاصْ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **شھنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ، صاحبِ معطر پسینہ، فیض گنجینہ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے ایک لشکر کو نجد کی جانب بھیجا وہ لشکر بہت سا مالِ غنیمت لے کر جلد لوٹ آیا تو لوگ لشکر کے مقام کی نزدیکی، کثرتِ مالِ غنیمت اور جلد لوٹ آنے کے بارے میں گفتگو کرنے لگے۔ **نبی کریم** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا کیا میں تمہیں ایک ایسی قوم کے بارے میں نہ بتاؤں جو اِن سے بھی قریب جہاد کرنے والی اس سے بھی زیادہ مالِ غنیمت حاصل کرنے والی اور جلدی لوٹنے والی ہے۔ (پھر فرمایا)، جو شخص وضو کرے پھر نمازِ چاشت ادا کرنے کیلئے مسجد میں حاضر ہو، وہ ان لوگوں سے بھی قریب، زیادہ غنیمت لانے والا اور جلدی لوٹنے والا ہے۔

(مسند احمد ،مسند عبداللہ بن عمرو بن العا ص ، رقم6649 ، ج 2، ص588 )

**حَضرَتِ سَیِّدُنَااَبُو اُمَامَہْ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحرو بَر** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، جو اپنے گھر سے کسی فرض نماز کی ادائیگی کے لئے نکلا، اس کا ثواب احرام باندھنے والے حاجی کی طرح ہے اور جو چاشت کی نماز ادا کرنے کے لئے نکلا اس کا ثواب عمرہ کرنے والے کی طرح ہے اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا اس طرح انتظار کرنا کہ بیچ میں لغوبات نہ کی جائے تو اس کا نام عِلِّیِّیْن (یعنی اعلی درجے والوں) میں لکھا جاتا ہے۔

(سنن ابی دائود ، کتا ب التطوع ،باب صلوۃ الضحی ،رقم 1688، ج2، ص 41)

**حَضرَتِ سَیِّدُنَااَبُوْھُرَیْرَہْ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **حضورِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ افلاک** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، جو چاشت کی دو رکعتیں پابندی سے ادا

www.dawateislami.net

کرتا ہے اس کے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

(سنن ابن ماجه ،کتا ب امامة الصلوة والسنة فيها،با ب ماجاء فی صلوة الضحی ،رقم 1382،ج 2،ص153 )

**حضرت سیّدُنا عُقْبَہ بِنْ عَامِر** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں **سیّدُ المبلغین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ غزوۂ تبوک کیلئے گیا۔ایک دن **رحمتِ عالم** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم بیٹھ کر اپنے **صحابۂ کرام علیہم الرضوان** سے گفتگو فرما رہے تھے کہ دورانِ گفتگو ارشاد فرمایا کہ : جو شخص سورج کے بلند ہونے تک اپنی جگہ پر بیٹھا رہے، پھر اٹھ کر کامل وضو کرے اور دو رکعتیں ادا کرے تو اس کے گناہ ایسے معاف کردیئے جائیں گے، جیسے اس کی ماں نے اسے آج ہی جنا ہو۔

(مسند ابی یعلی ،رقم 1757 ،ج 2،ص180)

**حضرت سیّدُنا اَبُو اُمَامَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **اللّٰہ عزوجل کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، جب سورج اپنے مطلع سے طلوع ہو کر ایسی حالت پر آجائے جیسے نمازِ عصر کے وقت سے غروب تک ہوتا ہے۔ پھر جو شخص دو یا چار رکعتیں ادا کرے تو اس کے لئے اس دن کا ثواب ہے اور اس کے گناہ مٹادیئے جاتے ہیں، اگر اس دن اس کا انتقال ہوگیا تو جنت میں داخل ہوگا۔(طبرانی کبیر ، رقم 7790، ج 8، ص192 )

**حضرت سیّدُنا اَبُو ھُرَیْرَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحرو بَر** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں کثرت سے توبہ کرنے والے ہی نمازِ چاشت پابندی سے ادا کرتے ہیں اور یہ "توّابین" یعنی توبہ کرنے والوں کی نماز ہے۔(طبرانی اوسط ،ر قم 3865 ، ج3 ،ص60)

**حضرت سیّدُنا اَبُو ھُرَیْرَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ **شھنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن وجمال،، دافِعِ رنج و مَلال، صاحب جُودو نوال، رسولِ بے مثال، بی بی آمنہ کے لال** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا، بیشک جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ضحیٰ کہا جاتا ہے،

www.dawateislami.net

جب قیامت کا دن آئے گا تو ایک منادی ندا کرے گا، نمازِ چاشت کی پابندی کرنے والے کہاں ہیں؟ یہ تمہارا دروازہ ہے اس میں داخل ہو جاؤ۔(طبرانی اوسط ،رقم5060، ج4 ،ص18 )

**حَضرتِ سَیِّدُنا اَبُودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ** سے روایت ہے کہ **نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحرو بَر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم** نے فرمایا، جو شروع دن میں چاشت کی دو رکعتیں ادا کرے گا، غافلین میں نہ لکھا جائے گا اور جو چار رکعتیں ادا کرے گا اس کا شمار عابدین میں ہوگا اور جو چھ رکعتیں ادا کرے گا وہ اس کے اس دن کے لئے کافی ہوں گی جو آٹھ رکعتیں ادا کرے گا **اللہ تعالیٰ** اسے قانتین یعنی قیام کرنے والوں میں لکھے گا اور جو بارہ رکعتیں ادا کرے گا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کیلئے جنت میں ایک گھر بنائے گا اور ہر دن اور ہر رات میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے بندوں پر ایک احسان اور ایک صدقہ فرماتا ہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے بندوں میں کسی پر اپنے ذکر کے الہام سے افضل کوئی احسان نہیں فرماتا۔(مجمع الزوائد ، کتاب الصلوۃ ، رقم 3419 ، ج2 ،ص494)

**حَضرتِ سَیِّدُنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ** سے روایت ہے کہ میں نے **سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم** کو فرماتے ہوئے سنا، جو چاشت کی بارہ رکعتیں ادا کرے گا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لئے جنت میں سونے کا ایک محل بنائے گا۔

(ترمذی کتاب الوتر ،باب ماجاء فی صلوٰۃ الضحی ،رقم 472 ، ج2 ،ص17 )

《 تہجد سے اِشراق وچاشت تک وقت کا خیال رکھیں، وقت کے حساب سے جدول آگے پیچھے کرلیں، مگر کوئی حلقہ رہنے نہ پائے، اور وقت پر ختم بھی ہو جائے 》

《 اب آخر میں صبح کی نیت بھی کر لیجئے 》

## ہر صبح یہ نیت کر لیجئے

آج کا دن آنکھ، کان، زبان اور ہر عضو کو گناہوں اور فضولیات سے بچاتے ہوئے نیکیوں میں گزاروں گا

www.dawateislami.net

( اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ )

## وقفہ ءآرام

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اب وقفۂ آرام ہوگا، تمام اسلامی بھائی مدنی انعام نمبر **17** پرعمل کرتے ہوئے چٹائی پرسوتے ہوئے سرہانے سنت بکس رکھنے کی نیت کے ساتھ ساتھ پردے میں پردہ کئے دو اسلامی بھائیوں میں ایک ہاتھ کا فاصلہ رکھتے ہوئے، بغیرایک دوسرے سے باتیں کیے، سنت کے مطابق سیدھی کروٹ پرسیدھے رخسار کے نیچے سیدھا ہاتھ رکھ کر قبلہ رُو آرام فرمائیں، نیز فراغت کے بعد بستر تہہ کرنے کی نیت فرمالیجئے، 12:00 بجے آپ کو بیدار کیا جائیگا۔

## 12:00 بجے بیدار کرنے کا اعلان

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 17 کے جز (بستر اور لباس تہہ) کرتے ہوئے اٹھئے اور مَدَنی انعام نمبر **1** پرعمل کرتے ہوئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ طبعی حاجات سے فارغ ہوکر اور مدنی انعام نمبر **39** دن کا اکثر حصہ باوضو رہنے کی نیت کے ساتھ وضو سے فراغت کے بعد حلقوں میں تشریف لے آیئے۔ مَدَنی انعام نمبر 13 پرعمل کرتے ہوئے مَدْرَسَۃُ المدینہ بالغان پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ)

## آغاز دَرَجَہ

《 طبعی حاجات سے فراغت کے بعد **12:19** پرتلاوت سے جدول کا آغاز کیجئے 》

## تلاوت

《 بے وضو قرآنِ پاک کی کسی آیت کو چھونا حرام ہے۔ دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کوملحوظ رکھا جائے 》

## کلام

《 کلام کے دوران شرکاء کے ہاتھ اُٹھے ہوں، نگاہیں جھکائے زہِ قسمت روتے ہوئے کلام سنیں 》

www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| عمل کا ہو جذبہ عطا یاالٰہی | گناہوں سے مجھ کو بچا یاالٰہی |
| میں پانچوں نمازیں پڑھوں باجماعت | ہو توفیق ایسی عطا یاالٰہی |
| میں پڑھتا رہوں سنتیں وقت ہی پر | ہوں سارے نوافل ادا یاالٰہی |
| دے شوقِ تلاوت دے ذَوقِ عبادت | رہوں باوُضو میں سدا یاالٰہی |
| ہمیشہ نگاہوں کو اپنی جھکا کر | کروں خاشِعانہ دُعا یاالٰہی |
| میں مٹی کے سادہ سے برتن میں کھاؤں | چٹائی کا ہو بستر ا یاالٰہی |
| ہر اک مدنی انعام اے کاش پاؤں | کرم کر پئے مصطفیٰ یا الٰہی |
| ہو اخلاق اچھا ہو کردار ستھرا | مجھے متّقی تُو بنا یاالٰہی |
| غصیلے مزاج اور تَمَسْخُر کی خصلت | سے عطّار کو تُو بچا یاالٰہی |

## درجہ سے پہلے کی احتیاطیں

《 درجہ شروع ہونے سے قبل تمام اسلامی بھائیوں کی قطاریں درست کروادیجئے، قطاروں میں یہ خیال رکھیئے کہ حلقہ نگران سب سے پیچھے بیٹھیں تاکہ انہیں معلوم ہوتا رہے کہ اس وقت ان کے حلقے کے کتنے اسلامی بھائی موجود ہیں، لیٹ ہونے والوں سے حلقہ نگران محبت و شفقت سے عرض کریں گے، حتی الامکان دوزانو بیٹھنے کی ترغیب دیجئے، دونوں چادریں، عمامہ، قفلِ مدینہ کارڈ لگانے کی ترکیب ہو، حاضری چیک کی جائے جو حلقہ پہلے آیا ہو حلقہ نگران کی دلجوئی فرمایئے، ممکن ہو تو تحفہ بھی دیجئے مگر لیٹ آنے والوں سے سب کے بیچ کلام نہ کیا جائے 》

《 بہتر یہ ہے کہ پہلے دن ہی اس طرح کا اعلان ہوجائے کہ، میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! الحمد للہ پورے ماہِ رمضان کے اعتکاف کا جدول مدنی انعامات کے مطابق بنایا گیا ہے، جس میں آپ کو فرض عبادات کے ساتھ ساتھ نوافل وسنتوں پر عمل کروانے کی کوشش کی جائیگی، آپ سے عرض ہے کہ آپ بھی ہمارا ساتھ دیجئے آپ کا ساتھ یہ ہوگا کہ جو گزارشات آپ سے کی جائیں ان پر عمل کرنے کی کوشش کریں، ان شاءاللہ عزوجل آپ اس کی برکتیں خود محسوس کریں گے 》

www.dawateislami.net

# مدرسة المدینہ بالغان

《مدنی قاعدے بھی اسی انداز سے تقسیم کئے جائیں جیسے صبح قرآنِ پاک تقسیم کئے گئے》

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 13 پر عمل کرتے ہوئے مَدْرَستہ المدینہ بالغان پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ (اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ)

## مَدْرَسَۃُ المدینہ (بالغان)

| | | |
|---|---|---|
| 01 | تختی نمبر 01 | تصحیح (تَص۔حِیح) حروف پر خوب توجّہ دی جائے اور مخارج یاد کرائے جائیں۔ |
| 02 | تختی نمبر 01 | حروف کی مخارج سے ادائیگی کی مشق کروائی جائے۔ |
| 03 | تختی نمبر 02 | حروف کی صحیح ادائیگی اور ہر حرف کو الگ الگ پڑھایئے۔ |
| 04 | تختی نمبر 02 | حُروف کی صحیح ادائیگی اور ہر حرف کو الگ الگ پڑھایئے۔ |
| 05 | تختی نمبر 03 | حرکات، ہجّے کرنے کا طریقہ، ادائیگی مخارج پر توجّہ دیجئے۔ |
| 06 | تختی نمبر 5+4 | حَرَکات، تنوین کے ہجّے اور رواں پڑھایئے۔ |
| 07 | تختی نمبر 06 | ہجّے، رواں، ادائیگی اور مخارج پر توجہ دی جائے۔ |
| 08 | تختی نمبر 06 | ہجّے، رواں، ادائیگی اور مخارج پر توجّہ دی جائے۔ |
| 09 | تختی نمبر 07 | حُروفِ مَدّہ کی پہچان، دراز کرنے سے متعلّق اچھی طرح سمجھایئے۔ |
| 10 | تختی نمبر 9+8 | سبق نمبر 8 کو ایک الف دراز کرنے اور سبق نمبر 9 کو بغیر کھینچ کر پڑھنے کے لیے خصوصی توجہ دیجئے۔ |
| 11 | تختی نمبر 10 | ہجّے، رواں پر توجّہ، ادائیگی اور مخارج پر خصوصی توجہ دیجئے۔ |
| 12 | تختی نمبر 11+10 | ہجّے، رواں پر توجّہ، گیارہویں تختی پر قلقلہ پر توجہ دیجئے۔ |
| 13 | تختی نمبر 12 | نون ساکن اور تنوین کے قاعدے ''اِظہار اور اِخفاء'' یاد کروایئے، ہجّے اور رواں سے پڑھایئے۔ |
| 14 | تختی نمبر 12 | // |

www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 15 | تختی نمبر 13 | ہجّے اور رواں پڑھایئے اور قاعدے یاد کرایئے۔ |
| 16 | تختی نمبر 13 | ہجّے اور رواں پڑھایئے اور قاعدے یاد کرایئے۔ |
| 17 | تختی نمبر 14 | ادغام، اقلاب، میم ساکن کے قاعدے یاد کروایئے، ہجّے اور رواں پڑھایئے۔ |
| 18 | تختی نمبر 14 | نون ساکن اور تنوین کے قاعدے ”ادغام، اقلاب“ یاد کروایئے، ہجّے اور رواں پڑھایئے۔ |
| 19 | تختی نمبر 15 | میم ساکن کے قاعدے یاد کروایئے، ہجّے اور رواں پڑھایئے۔ |
| 20 | تختی نمبر 16 | ”الف، لام، را“ کے قاعدے یاد کروایئے اور ہجّے، رواں سے پڑھایئے۔ |
| 21 | تختی نمبر 17 | مدّات کی پہچان اور دراز کی مقدار یاد کروایئے اور اچّھے انداز میں پڑھایئے۔ |
| 22 | تختی نمبر 17 | // |
| 23 | تختی نمبر 18 | حروفِ مُقَطَّعات کے بارے میں سمجھایئے۔ |
| 24 | تختی نمبر 19 | زائد الف سے متعلّق سمجھایئے اور مشق کرایئے۔ |
| 25 | تختی نمبر 19 | // |
| 26 | تختی نمبر 20 | متفرق قواعد سمجھایئے اور مشق کروایئے۔ |
| 27 | تختی نمبر 21 | وقف سے متعلق یاد کروایئے اور مثال سے سمجھایئے اور وصل، وقف سے پڑھایئے۔ |
| 28 | ----- | پورے قاعدے کی دہرائی۔ |

**مدینہ:** جن اسلامی بھائیوں کا مدنی قاعدہ جلد مکمل ہو جائے یا انہوں نے پہلے ہی سے پڑھا ہوا ہو اُنہیں آخری 10 سورتوں کی دُہرائی کرائی جائے۔

## نمازِ ظہر کی تیاری

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 36 پر عمل کرتے ہوئے نِگاہیں جُھکا کر چلنے کی مَشق کے ساتھ مَدَنی انعام نمبر 1 پر عمل کرتے ہوئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ وُضو کریں

www.dawateislami.net

گے اور مَدَنی انعام نمبر 4 پر عمل کرتے ہوئے اَذان و اِقامت کا جواب دے کر مَدَنی انعام نمبر 18 پر عمل کرتے ہوئے سُنّتِ قَبلِیّہ اور مَدَنی انعام نمبر 2 پر عمل کرتے ہوئے نمازِ ظُہر باجماعت تکبیرِ اُولیٰ کے ساتھ پہلی صَف میں ادا کریں گے اور مَدَنی انعام نمبر 18 پر عمل کرتے ہوئے بعد کے نفل ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔( اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ )

# بعد نمازِ ظہر

# تَسبِیحِ فاطِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا

《 نماز کے بعد اِمام صاحِب دُعائے ثانی کروائیں گے۔دُعا کے بعد یوں اعلان فرمائیں 》

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 3 پر عمل کرتے ہوئے ایک بار **آیَۃُ الْکُرْسِیْ**،**تَسْبِیحِ فَاطِمَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا اور **سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص** پڑھ لیجئے۔(**وقت 3 منٹ**)

**نوٹ:** 17 رمضانُ المبارک بعدِ ظہر اور مدنی مذاکرہ شروع ہونے سے پہلے پہلے تجہیز و تکفین کی DVD خارجِ مسجد میں دکھائی جائے اور 28 رمضانُ المبارک بعدِ ظہر اور مدنی مذاکرہ شروع ہونے سے پہلے پہلے ذمہ داریاں تقسیم کرنے اور مدنی بہاریں لکھوانے کا حلقہ لگایا جائے۔

# درسِ فیضانِ سنّت

《 اب یوں اعلان کیجئے 》 (**وقت 7 منٹ**)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 12 پر عمل کرتے ہوئے درسِ فیضانِ سنت سننے کی سعادت حاصل کریں گے۔( اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ )

| | | |
|---|---|---|
| 01 | 19-21 | رحمت بھری حکایت |
| 02 | 24-26 | قابلِ رشک موت |

www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| کوئی مانے یا نہ مانے اپنا ثواب کھرا ہے | 31-32 | 03 |
| حیرت انگیز حادثہ | 35-39 | 04 |
| صدیق اکبر (رضی اللہ تعالی عنہ) نے مَدَنی آپریشن فرمایا | 45-47 | 05 |
| آقا نے بَرَص کا علاج فرمایا | 50-53 | 06 |
| دعوتِ اسلامی کے تربیتی کورس کی بہار | 59-62 | 07 |
| آفتیں دور کرنے کا آسان ورد | 80-82 | 08 |
| زمین پر لکھنا | 89-92 | 09 |
| مغفرت کا انعام | 96-98 | 10 |
| مفتی اعظم ہند اور کاغذات وحُرُوف کی تعظیم | 110-112 | 11 |
| یہودی اور یہودن کی دلچسپ حکایات | 150-153 | 12 |
| محمود غزنوی کی بارگاہ رسالت میں مقبولیت | 164-166 | 13 |
| باکمال فرشتہ | 177-180 | 14 |
| کھانے کے وُضُو کی نیکیاں | 185-188 | 15 |
| موسیقی کے آواز سے بچنا واجب ہے | 190-192 | 16 |
| مل کر کھانے میں برکت ہے | 198-200 | 17 |
| کون سا دستر خوان سنت ہے؟ | 204-206 | 18 |
| دعا مانگنے کے سترہ مَدَنی پھول | 217-219 | 19 |
| بیٹھنے کی ایک سنت | 220-222 | 20 |
| کھڑے ہو کر کھانا کیسا؟ | 229-231 | 21 |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 22 | 234-235 | یااللہ صباحی کو اندھا کردے |
| 23 | 238-240 | صرف اپنی جانب سے کھایئے |
| 24 | 241-242 | بیچ میں برکت کی وضاحت |
| 25 | 243-245 | پانچ انگلیوں سے کھانا گنواروں کا طریقہ ہے |
| 26 | 252-253 | ٹیک لگا کر کھانا سنت نہیں ہے |
| 27 | 263-264 | تنگدستی کا علاج |
| 28 | 267-268 | گری ہوئی روٹی کھانے کی فضیلت |
| 29 | 293-295 | دانتوں میں خون آنے کے اسباب |
| 30 | 298-300 | پانچ خوشبودار منہ |

# نماز کے احکام

**(وقت 30 منٹ) ⟩⟩ 02:30 تا 02:00 ⟨⟨**

اللہ عزوجل کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 72 پر عمل کرتے ہوئے نماز کے اِحکام سے وُضُو، غُسل اور نماز دُرُست کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ (**اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ**)

(مندرجہ ذَیل عُنوانات کے مطابِق "**نماز کے اَحکام**" سے وُضُو، غسل اور نماز سے مُتعلق بیان ہو۔ فرائض وواجِبات، سنّتیں اور طریقہ کار وغیرہ یاد کروایئے، باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنایئے)۔

**﴿۱﴾ وُضو کا طریقہ، فرائض اور سنّتیں (ص۸ تا۱۶) ﴿۲﴾ غسل کا طریقہ، غسل کے فرائض (ص۱۰۰ تا ۱۱۰) ﴿۳﴾ تیمّم کے فرائض، تیمّم کی سنّتیں، تیمّم کا طریقہ (ص۱۲۶ تا ۱۲۹) ﴿٤﴾ نماز کی شرائط (ص۱۹۳ تا ۲۰۰) ﴿۵﴾ نماز کے فرائض (ص۲۰۱ تا ۲۰۹) ﴿٦﴾ نماز کا عملی طریقہ ﴿۷﴾ نمازِ جنازہ فرضِ کِفایہ ہے، نمازِ جنازہ کے ارکان، نمازِ جنازہ کا طریقہ اور نمازِ جنازہ کے مسائل (ص۳۸۰ تا ۳۹۳) ﴿۸﴾ شرعی سفر کی**

www.dawateislami.net

مَسافت، مسافر بننے کے لئے شرط اور مسافر کب تک مسافر ہے (ص۳۰۱ تا ۳۰۵) ﴿۹﴾ غسلِ میّت کا طریقہ اور دَفنانے کا طریقہ (ص۴۶۶ تا ۴۶۹) (اِس میں نگرانِ اعتکاف عملی طریقہ کرکے دکھائے اور ''نماز کے احکام'' سے سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۱۰﴾ نماز توڑنے والی ''29'' باتیں (ص۲۳۹ تا ۲۴۶) (اس میں نگرانِ اعتکاف عملِ کثیر کی تعریف یاد کروائے، باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۱۱﴾ نماز کا عملی طریقہ اور اسلامی بہنوں کی نماز میں چند جگہ فرق ہے (ص۱۹۱ تا ۱۹۳) (اس میں نگرانِ اعتکاف نماز کا عملی طریقہ کروائے اور اسلامی بہنوں کی نماز میں فرق ''نماز کے احکام'' سے سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۱۲﴾ سجدۂ سہو اور نمازی کے آگے سے گزرنے کے بارے میں ''15'' احکام (ص۲۷۶ تا ص۲۹۶) ﴿۱۳﴾ وضو کے ''29'' مستحبات، ''15'' مکروہات، مستعمل پانی کا اہم مسئلہ (ص۱۶ تا ۲۲) ﴿۱۴﴾ کب کب غُسل کرنا سنّت ہے، ایک غُسل میں مختلف نیّتیں، قرآنِ پاک پڑھنے یا چُھونے کے ''10'' آداب اور ناپاکی کی حالت میں درود شریف پڑھنا (ص۱۱۵ تا ۱۲۶) ﴿۱۵﴾ نماز کی تقریباً ''96'' سنّتیں اور سنّتوں کا ایک اہم مسئلہ (ص۲۲۱ تا ۲۳۴) (اس میں نگرانِ اعتکاف سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۱۶﴾ (وضو میں) ہاتھ دھونے کی حکمتیں (ص۷۷ تا ۸۷) ﴿۱۷﴾ قضا کرنے میں ترتیب، قضائے عمری (حنفی) کا طریقہ، اور نمازِ قصر کی قضا (ص۳۳۸ تا ۳۵۴) (اس میں نگرانِ اعتکاف قضائے عمری کا طریقہ یاد کروائے اور باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۱۸﴾ مدنی وصیّت نامہ (ص۴۵۴ تا ۴۶۹) ﴿۱۹﴾ ایصالِ ثواب کے ''17'' مدنی پھول اور فاتحہ کا طریقہ (ص۴۸۲ تا ۴۹۶) (اس میں نگرانِ اعتکاف فاتحہ کا طریقہ یاد کروائے اور باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۲۰﴾ ادائیگیٔ جُمُعَہ فرض ہونے کی 11 شرائط، جُمُعَہ کی سنّتیں اور خطبے کے ''7'' مدنی پھول (ص۴۲۵ تا ۴۳۳) ﴿۲۱﴾ ترکِ جماعت کے ''20'' اَعذار اور نمازِ وتر کے ''9'' مدنی پھول (ص۲۶۸ تا ۲۷۳) ﴿۲۲﴾ قَے سے کب وضو ٹوٹتا ہے؟ تھوک میں خون، وضو میں شک آنے کے ''5'' احکام اور معذور کے احکام (ص۳۰ تا ۴۶) (اس میں نگرانِ اعتکاف قَے سے کب وضو ٹوٹتا ہے، یاد کروائے، باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) ﴿۲۳﴾ نماز کے ''30'' واجبات (ص۲۱۷ تا ۲۲۱) (اس میں نگرانِ اعتکاف کم از

www.dawateislami.net

کم ’’7‘‘ یاد کروائے ، باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے ) ﴿۲۴﴾ جنازہ کو کندھا دینے کا ثواب، جنازہ کو کندھا دینے کا طریقہ، واپسی کے مسائل ، کافر کے جنازے اورعیادت کے احکام (ص ۳۸۸ تا ۳۹۳ ) (اس میں نگرانِ اعتکاف جنازے کو کندھا دینے کا طریقہ یاد کروائے اور باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے ) ﴿۲۵﴾ ،سجدۂ تلاوت کے ’’8‘‘ مدنی پھول، سجدۂ تلاوت کا طریقہ اور سجدۂ شکر (ص ۲۸۲ تا ۲۸۶ ) ﴿۲۶﴾ مشت زنی کا عذاب وغیرہ (ص ۱۱۱ تا ۱۲۶ ) ﴿۲۷﴾ قضا کرنے والوں کی خرابی اور توبہ کے رکن (ص ۳۲۲ تا ۳۳۶ ) ﴿۲۸﴾ نماز کے ’’32 ‘‘ مکروھاتِ تحریمہ (ص ۲۴۷ تا ۲۵۸ ) ﴿۲۹﴾ نماز کے 33 مکروھاتِ تنزیہہ اور اِقتداء کی 13 شرائط (ص ۲۵۹ تا ۲۶۷ ) ﴿۳۰﴾ نمازِ عید کا طریقہ (حنفی) (ص ۴۳۹ تا ۴۴۴ ) (اس میں نگرانِ اعتکاف ، عید کی نماز کا طریقہ یاد کروائے اور باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے )۔

# اشارے

(( اب یوں اعلان کیجئے )) (**وقت** 15 **منٹ**)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 46 زبان کا قُفلِ مدینہ لگاتے ہوئے فضول گوئی سے بچنے کی عادت ڈالنے کے لیے کچھ نہ کچھ اِشارے سیکھنے کی کوشش کریں گے۔ (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ)

**نوٹ:۔** نگرانِ اعتکاف دیئے گئے اشاروں میں سے روزانہ سات ہی اشارے سکھائیں۔

# فکرِ مدینہ مع لکھ کر گفتگو

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 15 پر عمل کرتے ہوئے فِکرِ مدینہ کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ) (**وقت** 12 **منٹ**)

(( دورانِ فکرِ مدینہ قفلِ مدینہ عینک لگانے کی ترغیب دلائیں ))

(1) کیا آج آپ نے **اچھی اچھی نیّتیں** کیں؟

www.dawateislami.net

(2) پانچوں نمازیں **تکبیر اُولیٰ** کے ساتھ **پہلی صف** میں **باجماعت** ادا کیں؟

(3) ہر نماز کے بعد **آیَۃُ الکُرسِی**، **تسبیح فاطِمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا**، **سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص** اور رات میں **سُوْرَۃُ الْمُلْک** پڑھی؟

(4) **اذان و اِقامت** کا جواب دیا؟

(5) کچھ نہ کچھ **شَجَرہ شریف کے اَوْراد** اور **313 دُرُود شریف** پڑھے؟

(6) مسلمانوں کو **سلام** کیا؟

(7) گھر میں اور باہَر **آپ** اور **جی** سے گفتگو کی؟

(8) جائز بات کے ارادے پر **اِنْ شَآءَ اللّٰہ**، نعمت دیکھ کر **مَاشَآءَ اللّٰہ**، مزاج پُرسی پر **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَال** کہا؟

(9) **سلام** اور **چھینک** کا جواب دیا؟

(10) دعوتِ اسلامی کی **اصطلاحات** اور **تلفظ** کی دُرُستی کی کوشش کی؟

(11) پردے میں پردہ کئے **مٹی کے برتن** میں بھوک سے کم کھانے کی کوشش کی؟

(12) **دو درس** دیئے / سنے؟

(13) **مدرسۃ المدینہ** (بالغان) پڑھا / پڑھایا؟

(14) **مکتبۃ المدینہ** کی 12 منٹ **اصلاحی کتاب** اور فیضانِ سنت کے 4 **صفحات** پڑھے؟

(15) **فکرِ مدینہ** کی؟

(16) **صلوۃ التوبہ** پڑھی؟

(17) **چٹائی** پر سوئے، سرہائے آئینہ، سرمہ، کنگھا، سوئی دھاگہ، مسواک، تیل کی شیشی اور قینچی رکھی اور بیداری پر **بستر تہہ** کیا؟

(18) **سُنّتِ قَبلیہ** اور **نوافِلِ بعدیہ** ادا کئے؟

(19) **تہجد، اشراق و چاشت** اور **اوّابین** ادا کیں؟

(20) **تحیۃ الوُضُو** اور **تحیۃ المسجد** ادا کی؟

(21) **کنزالایمان شریف** سے 3 آیات ترجمہ و تفسیر پڑھی / سنی؟

www.dawateislami.net

(22)**انفرادی کوشش** سے 2 کو مَدَنی انعامات و مَدَنی قافلہ کی ترغیب دلائی ؟

(23)**دو گھنٹے مَدَنی کاموں** پر صرف کئے؟

(24)اپنے **نگران کی اطاعت** کی؟

(25)**چیزیں مانگ** کر استعمال تو نہیں کیں؟

(26)غلطی ہو جانے کی صورت میں **براہِ راست اصلاح** کی؟

(27)**پردے میں پردہ** کیا؟**قِبلہ کی سمت رخ** رکھا؟

(28)**غصے کا علاج** کیا **در گزر** سے کام لیا؟

(29)ایسے **فُضُول سوالات** تو نہیں کئے جن سے مسلمان **جھوٹ** میں مبتلا ہوتے ہوں؟

(30)نامَحرم رشتے داروں سے **شَرعی پردہ** کیا؟

(31)**فلمیں ڈرامے،گانے باجوں** سے بچے؟

(32)گھر میں مَدَنی ماحول بنانے کے 19**مَدَنی پھولوں** پر عمل رہا؟

(33)**تہمت ، گالی گلوچ** سے بچے؟

(34)**دوسروں کی بات تو نہیں کاٹی**؟

(35)**صدائے مدینہ** لگائی؟

(36)راہ چلتے وقت، دورانِ سفر اکثر **نگاہیں نیچی** رکھیں؟

(37)دوسروں کے **گھروں کے اندر جھانکنے** سے بچے؟

(38)**جھوٹ،غیبت ، چغلی،حسد،تکبر ،وعدہ خلافی** سے بچے؟

(39)دن کا اکثر حصہ **باوُضُو** رہے؟

(40)بات کرتے وقت **چہرے پر نگاہ** تو نہیں گاڑی؟

(41)وقت پر **قرض** ادا کر دیا؟

(42)مسلمانوں کے **عیوب** کی پردہ پوشی کی؟

(43)**یکساں تعلقات** رکھے؟

(44)نماز اور دعا میں **خشوع وخضوع** پیدا کرنے کی کوشش فرمائی؟

(45)عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن سے **جھوٹ** اور **ریا کاری** کا ارتکاب ہو؟

(46)زبان کا قفلِ مدینہ لگایا؟ **اشارے** سے اور **لکھ کر گفتگو** کی؟

(47) **بیان** ، **مَدَنی مذاکرہ** یا **مَدَنی چینل** دیکھا؟

(48)**مذاق مسخری** ،**طنز**،**دل آزاری** اور **قہقہہ** سے بچے؟

(49)ضروری گفتگو **کم سے کم الفاظ** میں کی؟

(50)**مَدنی حلیہ** اپنایا؟

## لکھ کر گفتگو کا طریقہ

(( لکھ کر گفتگو کرنے سے پہلے آج کے دن اور عیسوی و مدنی تاریخ کا درست تعین کر لیجئے ))

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہاتھوں ہاتھ اپنے اپنے قفلِ مدینہ کے پیڈ نکال لیجئے اور روزانہ نمازِ مغرب کے بعد یا کسی بھی وقتِ مقررہ پر فکرِ مدینہ کرنے کے بعد یہ چار جملے لکھنے کا معمول بنا لیجئے۔ آیئے ہاتھوں ہاتھ ان 4 جملوں کو لکھ لیتے ہیں ۔

۲۶ رَمضانُ المبارک ۱۳۶۹ھ 12 جولائی 1950ء بروز بدھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ٥ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد ٥

یا مرشِد پاک کرم فرمایئے۔ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی علٰی مُحَمَّد ٥

(1) کیا آج آپ نے فکرِ مدینہ کر لی؟ (2) کیا ہر دوسرے دن تحریری گفتگو کیلئے نئی تاریخ لکھ لیتے ہیں؟ (3) کم از کم 4 بار لکھ کر گفتگو کی؟ (4) اگر نہیں تو فوراً ترکیب بنا لیجئے۔

www.dawateislami.net

# سُنّتیں، آداب اور دعا کا حلقہ

(وقت 20 منٹ)

﴿۱﴾ سلام کے 11 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۲ تا ص ۵) ﴿۲﴾ تِلاوت کے 21 مدنی پھول (رِسالہ تِلاوت کی فضیلت ص ۱۱ تا ص ۱۶) ﴿۳﴾ بات چیت کرنے کے 12 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۹ تا ص ۱۲) ﴿۴﴾ انگوٹھی کے 19 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 29 تا 32) ﴿۵﴾ ناخن کاٹنے کے 9 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۱۶ تا ص ۱۹) ﴿۶﴾ ناخن، حجامت، موئے بغل وغیرہ سے متعلق سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۶۳) ﴿۷﴾ گھر میں آنے جانے کے 12 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۲۳ تا ص ۲۶) ﴿۸﴾ سفر کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۴۲، تا ۵۳) ﴿۹﴾ سونے جاگنے کے 15 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۲۹ تا ص ۳۱) ﴿۱۰﴾ بیٹھنے کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۹۹) ﴿۱۱﴾ عمامے کے 25 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 25 تا 29) ﴿۱۲﴾ سونے جاگنے کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۱۰۶) ﴿۱۳﴾ قبرستان کی حاضری کے 16 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 36 تا 39) ﴿۱۴﴾ پانی پینے کے 13 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 2) ﴿۱۵﴾ ہاتھ ملانے کے 14 مدنی پھول (101 مدنی پھول ص 6) ﴿۱۶﴾ زُلفوں اور سر کے بالوں وغیرہ کے 22 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 15 تا 20) ﴿۱۷﴾ لباس کے 14 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 20 تا 24) ﴿۱۸﴾ ہاتھ ملانے کے 14 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۶ تا ص ۹) ﴿۱۹﴾ سیکھی ہوئی سنّتیں اور آداب کی دُہرائی ﴿۲۰﴾ مصافحہ اور معانقہ کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۲۲) ﴿۲۱﴾ چھینکنے کے آداب کے 17 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۱۳ تا ص ۱۵) ﴿۲۲﴾ مہمان نوازی کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۱۰۸) ﴿۲۳﴾ جوتے پہننے کے 7 مدنی پھول (رِسالہ 101 مدنی پھول ص ۲۰ تا ص ۲۲) ﴿۲۴﴾ سفر کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص ۴۲ تا ۵۰) ﴿۲۵﴾ سرمہ لگانے کے 4 مدنی پھول (رِسالہ

www.dawateislami.net

101 مدنی پھول ص ۲۷ تا ص ۲۸) ﴿۲۶﴾ چلنے کی 15 سنتیں اور آداب (163 مدنی پھول، ص5 تا 9) ﴿۲۷﴾ خوشبو لگانا سُنّت ہے (سنّتیں اور آداب ص82،) ﴿۲۸﴾ مسواک کے 20 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص 33 تا 36) ﴿۲۹﴾ تیل ڈالنے اور کنگھی کرنے کے 19 مدنی پھول (163 مدنی پھول، ص10 تا 15) ﴿۳۰﴾ زینت کی سنّتیں اور آداب (سنّتیں اور آداب ص۷۸) اور سیکھی ہوئی سنّتوں کی دُہرائی۔

# تَصَوُّرِ مُرشِد

(وقت 12 منٹ)

﴿ اب ''آدابِ مرشد کامل'' سے بیان اور تصور مرشد کی ترکیب ہوگی ﴾

| دن | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | فیضانِ اولیاء | 11 تا 17 |
| 2 | مرشدِ کامل کے 26 مکی مدنی اوصاف | 18 تا 22 |
| 3 | ادب کی ضرورت | 25 تا 30 |
| 4 | آلِ رسول کا ادب | 33 تا 38 |
| 5 | مرشد کامل کے حاسدین | 48 تا 51 |
| 6 | باادب بانصیب | 52 تا 56 |
| 7 | نگاہِ ولایت کے اسرار | 56 تا 60 |
| 8 | ناقص مرید | 61 تا 66 |
| 9 | مرید ہو تو ایسا | 67 تا 70 |
| 10 | فتویٰ رضویہ شریف سے آدابِ مُرشد کامل | 71 تا 74 |

www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 11 | صحبتِ صالح کی برکت | 76 تا 79 |
| 12 | مرشدِ کامل کی صحبت | 85 تا 88 |
| 13 | مرید ہو تو ایسا! | 89 تا 92 |
| 14 | مرید کی اصلاح | 93 تا 98 |
| 15 | باادب مرید | 99 تا 102 |
| 16 | قفلِ مدینہ کی ضرورت | 103 تا 108 |
| 17 | مرشدِ کامل کے نعلین کا ادب | 108 تا 111 |
| 18 | دو شہزادے | 112 تا 116 |
| 19 | تصور مرشد | 125 تا 128 |
| 20 | شجرہ شریف پڑھنے کے فوائد اور برکتیں | 137 تا 141 |
| 21 | دل کی اصلاح | 165 تا 168 |
| 22 | احکام شریعت | 172 تا 175 |
| 23 | 2 ناقابلِ فراموش سچے واقعات | 186 تا 190 |
| 24 | ولیِ کامل کے تبرک کی برکت | 191 تا 195 |
| 25 | سچے مجذوب | 215 تا 220 |
| 26 | در در کا بھکاری | 227 تا 231 |
| 27 | محمد منیر حسین عطاری | 236 تا 240 |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 28 | حاجی عبدالرحیم عطاری | 241 تا 245 |
| 29 | عطاریہ اسلامی بہن | 246 تا 249 |
| 30 | الحاج احد رضا عطاری | 252 تا 257 |

## مَنقَبَت

(( کوشش کریں کہ منقبت خوش الحان اسلامی بھائی سے پڑھائی جائے، یہاں درج منقبت کے علاوہ مکتبۃ المدینہ سے شائع ہونے والی منقبتِ عطار پڑھ سکتے ہیں ))

| | |
|---|---|
| پھر توجہ بڑھا میرے مرشِد پیا | نظریں دل پہ جما میرے مرشِد پیا |
| نفس حاوی ہوا حال میرا بُرا | تجھ سے کب ہے چُھپا میرے مرشِد پیا |
| اب لے جلدی خبر تیری جانب نَظَر | میں نے لی ہے لگا میرے مرشِد پیا |
| سخت دل ہو چلا اب کیا ہوگا میرا | اب دے دل کو جِلا میرے مرشِد پیا |
| تیری بس اک نَظَر دل پہ ہو جائے گر | پائے گا یہ شِفاء میرے مرشِد پیا |
| ایسی نظریں جھکیں پھر کبھی نہ اُٹھیں | دے دے ایسی حیاء میرے مرشِد پیا |
| گر میں چپ نہ رہا بولتا ہی رہا | نامہ ہوگا سیاہ میرے مرشِد پیا |

## مَدَنی مذاکرہ

(( مَدَنی مذاکرہ شروع ہوتے ہی تمام جدول موقوف فرما کر مَدَنی مذاکرہ میں سب شریک ہوجائیں ))

## نمازِ عصر کی تیاری

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 36 پر عمل کرتے ہوئے نِگاہیں جُھکا کر چلنے کی مَشق کے ساتھ مَدَنی انعام نمبر 1 پر عمل کرتے ہوئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ وُضو کریں

www.dawateislami.net

گے اور مَدَنی انعام نمبر 4 پر عمل کرتے ہوئے اَذان و اِقامت کا جواب دے کر مَدَنی انعام نمبر 18 پر عمل کرتے ہوئے سُنّتِ قبلیّہ اور مَدَنی انعام نمبر 2 پر عمل کرتے ہوئے نمازِ عصر با جماعت تکبیر اُولیٰ کے ساتھ پہلی صف میں ادا کریں گے۔( اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ )

## تَسْبِیحِ فاطِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا

(( نماز کے بعد اِمام صاحِب دُعا کروائیں گے۔ دُعا کے بعد یوں اعلان فرمائیں ))

اللّٰہ عَزَّوَجَلّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 3 پر عمل کرتے ہوئے ایک بار آیَۃُ الْکُرْسِیُ، تَسْبِیحِ فَاطِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا اور سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص پڑھ لیجئے۔ (وقت 3 منٹ)

## بیان

(وقت 41 منٹ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | مسجد کے آداب | 2 | اچھی اچھی نیّتیں |
| 3 | زبان کا قفلِ مدینہ | 4 | آنکھوں کا قفلِ مدینہ |
| 5 | نمازِ باجماعت کے فضائل | 6 | حسنِ اخلاق |
| 7 | غیبت کی تباہ کاریاں | 8 | مَدَنی انعام نمبر۳ پر بیان وترغیب |
| 9 | مقصدِ حیات | 10 | درس فیضانِ سنت کی بہاریں |
| 11 | پیٹ کا قفلِ مدینہ | 12 | درود شریف کے فضائل |
| 13 | فکرِ مدینہ | 14 | علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت |
| 15 | غُصّے کی تبارہ کاریاں | 16 | اذان واقامت کے فضائل |

www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| 17 | تلاوتِ قرآن مع مدرسۃ المدینہ بالغان | 18 | ریا کاری |
| 19 | عفوو درگزر | 20 | تکبر |
| 21 | توبہ کرنے والوں کے واقعات | 22 | مزاق مسخری، دل آزاری کا وبال |
| 23 | جنت کا بیان | 24 | مَدَنی قافِلہ |
| 25 | جھوٹ کا بیان | 26 | نفلی روزوں کے فضائل |
| 27 | خوفِ خدا (عَزَّ وَجَلَّ) | 28 | عشقِ مصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم) |
| 29 | الوداع ماہِ رَمَضان | 30 | الوداع ماہِ رَمَضان |

# شجرہ شریف کے اوراد

《 اب اِس طرح اعلان کیجئے 》 **(وقت 10 منٹ)**

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 5 کے جُز پر عمل کرتے ہوئے کچھ نہ کچھ **شَجَرَہ شَرِیف** کے **اَوْرَاد** پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ **(اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل)**

《 اب یہ اوراد پڑھائیں 》

[1] جو کوئی **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم** تین، تین بار پڑھ کر **سُوْرَۃُ الْحَشْر** کی آخری 3 آیتیں صُبح پڑھے تو شام تک 70 ہزار فرشتے اُس کے لیے **اِسْتِغْفَار** کریں اور اُس دِن مرے تو شہید ہوگا اور شام کو پڑھے تو صُبح تک یہی فضیلت۔

《 اب یوں کہیں میں پڑھتا ہوں آپ توجہ سے سُنیے 》

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! میں پڑھتا ہوں آپ توجہ سے سنئے**

**اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم (3 بار)**

www.dawateislami.net

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ط

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّھَادَۃِ ج ھُوَالرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ۞ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلۡـمَـلِکُ الۡـقُـدُّوۡسُ السَّـلٰـمُ الۡـمُؤۡمِنُ الۡمُھَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ ج سُبۡـحٰـنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ۞ھُوَ الـلّٰـہُ الۡـخَـالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَہُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ج یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ج وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡم۞

﴾2﴿ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا اِس کی فضیلت میں آتا ہے۔ جو کوئی تین، تین بار پڑھے **اِنۡ شَـاءَ الـلّٰـہ عَزَّوَجَل** پڑھنے والے کا خاتمہ ایمان پر ہو۔ آپ بھی پڑھ لیجئے۔

﴾اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوۡذُبِکَ مِنۡ اَنۡ نُشۡرِکَ بِکَ شَیۡئًا نَّعۡلَمُہٗ وَنَسۡتَغۡفِرُکَ لِمَالَا نَعۡلَمُہٗ﴿

﴾3﴿ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا اِس کی فضیلت میں آتا ہے جو کوئی تین، تین بار پڑھے، پڑھنے والے کے دِین، اِیمان، جان، مال بچے سب محفوظ رہیں ( **اِنۡ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل** ) آپ بھی پڑھ لیجئے۔

﴾بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیۡنِیۡ بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفۡسِیۡ وَوُلۡدِیۡ وَاَھۡلِیۡ وَمَالِیۡ﴿

﴾4﴿ اب جو وِرد پڑھایا جائے گا اِس کی فضیلت میں آتا ہے جو کوئی تین، تین بار پڑھے سانپ، بچھو وغیرہ موذیات سے پناہ حاصل ہو۔ آپ بھی پڑھ لیجئے۔

﴾اَعُوۡذُبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّمَاخَلَقۡ﴿

## مناجاتِ اِفطار

《 کوشش کیجئے کہ کوئی خوش الحان نعت خواں اسلامی بھائی مناجات کریں اور جس اسلامی بھائی کو مناجات کا کہیں بہتر یہ ہے کہ پہلے ان سے طرز سن لی جائے، اگر مناجات میں کسی شعر کی تکرار کرنا چاہیں تو کیجئے مگر یاد رہے مناجات مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب وسائل بخشش سے ہی کی جائے 》

www.dawateislami.net

# نماز مغرب

## تَسبیح فاطِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا

(( نماز کے بعد اِمام صاحِب دُعائے ثانی کروائیں گے۔دُعا کے بعد یوں اعلان فرمائیں ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اورثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 3 پر عمل کرتے ہوئے ایک بار **آیۃُ الکُرسِی،تَسبِیحِ فَاطِمَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا اور **سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص** پڑھ لیجئے۔ **(وقت 3 منٹ)**

## سورۃُ المُلک

(( سورۃ الملک وُہی اسلامی بھائی پڑھیں،جن کا لہجہ روانی والا اورخوش الحانی والا ہو،نہ زیادہ speed ہو اور نہ زیادہ slow ہو بس درمیانہ انداز ہو حدر والا ))

(( اب یوں اعلان کیجئے ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اورثواب کمانے کے لئے مَدَنی انعام نمبر 3 کے جُز سورۃ مُلک پڑھنے اور سُننے کی سعادت حاصل کریں گے۔(اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل)

## وقفہ ٔ طعام، نمازِ عشاء کی تیاری

(( اب اس طرح اعلان کیجئے ))

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اورثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر 36 پر عمل کرتے ہوئے نِگاہیں جُھکا کر چلنے کی مَشق کے ساتھ کھانے کا وُضو کریں گے (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل) اور مَدَنی انعام نمبر 1 پر عمل کرتے ہوئے اچھی اچھی نیتیں کریں گے (اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل) اور مَدَنی انعام نمبر 11 پر عمل کرتے ہوئے پردے میں پردہ کر کے بیٹھنے اور مِٹّی کے بَرتَن میں بُھوک سے کم کھانے کی سعادت حاصل کریں گے۔کھانے کے بعد نمازِ عشاء کی تیاری کی ترکیب ہوگی اور مَدَنی انعام نمبر 4 پر عمل کرتے ہوئے اَذان و اِقامت کا جواب دے کر مَدَنی انعام نمبر 18 پر عمل کرتے ہوئے سُنّتِ قَبلِیّہ اور مَدَنی انعام نمبر 2 پر عمل کرتے ہوئے

www.dawateislami.net

نمازِ عشاء باجماعت تکبیرِ اُولیٰ کے ساتھ پہلی صَف میں ادا کریں گے اور ماہِ رَمضان کی برکتیں لُوٹتے ہوئے تراویح باجماعت ادا کریں گے۔مَدَنی انعام نمبر **18** پر عمل کرتے ہوئے بعد کے نفل ادا کرنے کی سعادت بھی حاصل کریں گے۔(اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَل)

《 کھانے کا وضو کرنے کے دوران ہاتھ اچھی طرح صابن سے دھونے کا ذہن دیجئے، کھانے سے پہلے معلم نیتیں کروائیں اور ہمیشہ کھانے سے پہلے نیتیں کرنے کا ذہن بھی دیں، کھانے کی دعا پڑھائیں، لقمہ توڑنے کا طریقہ اور اس کا سائز کتنا ہو یہ بتائیں، ربڑ بینڈ پہننے کی حکمت بتائیں، تین انگلیوں سے کھانے کا ذہن دیں، سنت کے مطابق بیٹھ کر کھانے کا ذہن دیں، اس دوران موقع کے مناسبت سے ایک اسلامی بھائی کلام بھی سناتے رہیں، آخر میں برتن صاف کر کے ترغیب کی نیت سے دکھانے کی ترکیب ہو، برتن اور کپ وغیرہ دھو کر پینے کی ترغیب دلائی جائے، دستر خوان پر گرے ہوئے ٹکڑے اُٹھا کر کھانے کی ترغیب دلائی جائے، نگران اسلامی بھائی ہر بار کھانے میں کسی ایک حلقے میں حاضری دیں، بہتر یہ ہے کہ جس حلقے میں کمزوری ہے اس میں بیٹھیں اور مسکراتے مسکراتے کمزوری کا حل فرما دیں، کھانے کے بعد کی دعائیں پڑھائیں، آخر میں سورۂ اخلاص اور سورۂ قریش پڑھنے کی ترکیب بنائیں 》

## نمازِ عشاء مع تراویح

## تَسبیحِ فاطِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عنہا

《 نماز کے بعد امام صاحِب دُعائے ثانی کروائیں گے۔ دُعا کے بعد یوں اعلان فرمائیں 》

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثواب کمانے کے لئے مدنی انعام نمبر **3** پر عمل کرتے ہوئے ایک بار **آیَۃُ الْکُرْسِیْ**،**تَسبِیحِ فَاطِمَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اور **سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص** پڑھ لیجئے۔ **(وقت 3 منٹ)**

## مَدَنی مذاکرہ

《 مَدَنی مذاکرہ شروع ہوتے ہی تمام جدول موقوف فرما کر مَدَنی مذاکرہ میں سب شریک ہو جائیں 》

# مجلس مدنی انعامات

**تاریخِ اجراء:** ۲۳ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ، 11 جون 2015ء

www.dawateislami.net